مـركـز التـعليـم الإسلا مـي والـدعـوة والإرشـاد فـي حـدود الهـنـد و النـيبـال

جامعة القاسم دار العلوم الإسلامية

مادوبني، مكتب البريد المركزي: برتاب كنج
المديرية سُبُول-٨٥٢١٢٥، ولاية بيهار، الهند

# Jamiatul Qasim Darul Uloom-il- Islamia


*Ref. No.* __________ الرقم __________

*Date* __________ التاريخ __________

عزیزان گرامی! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خدا کرے آپ اچھے ہوں، بندہ بھی بفضل رب بعافیت ہے۔

آپ کو یہ اطلاع دیتے ہوئے مجھے بے انتہا مسرت ہورہی ہے کہ آپ کی مادر علمی جامعۃ القاسم دارالعلوم الاسلامیہ سپول بہار نے ۲۸ سالہ جشن تعلیمی کے موقع پر مورخہ ۲۹؍جمادی الاولیٰ ۱۴۳۹ھ مطابق ۱۵؍فروری ۲۰۱۸ء بروز جمعرات بعد نماز مغرب آپ کی دستار بندی کا فیصلہ کیا ہے۔

پروگرام کی تفصیل حسب ذیل ہے:

- مسابقۃ القرآن الکریم : آل بہار وجھارکھنڈ
- دستار فضیلت : جامعہ کے فارغین کی دستار بندی
- افتتاح : جامع الامام محمد قاسم النانوتویؒ
- سنگ بنیاد : القاسم اسلامک یونیورسٹی
- رسم اجرا : جامعہ کی ۱۳؍اہم کتابوں کا اجرا

**تاریخی اجلاس**

۱۵؍فروری بعد نماز مغرب شروع ہوگا اور
۱۶؍فروری بروز جمعہ امام مسجد نبوی شریف مدینہ منورہ کے
کلیدی خطبہ، امامت ودعا کے ساتھ اختتام پذیر ہوگا

یہ پروگرام بالترتیب ۲۸/۲۹/۳۰؍جمادی الاولی ۱۴۳۹ھ مطابق ۱۴/۱۵/۱۶؍فروری ۲۰۱۸ء بروز چہار شنبہ، پنجشنبہ، جمعہ منعقد ہوں گے۔ اس موقع پر ہندوستان کے مشاہیر وموقر علماء کرام، مشائخ وبزرگان دین، دانشوران، سیاسی وسماجی قائدین کے علاوہ کعبۃ اللہ، مسجد نبوی شریف، متحدہ عرب امارات، کویت، بحرین، عمان، برطانیہ، پناما، ویسٹ انڈیز، جنوبی افریقہ، آسٹریلیا اور ہانگ کانگ سمیت مختلف ممالک کے علماء ربانیین ودانشوران کے خطابات ہوں گے۔

اس تاریخی موقع پر اپنے سرپرست کے ساتھ آپ کی حاضری ازحد ضروری ہے۔ دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کو خیر امت پر گامزن رکھے، آمین۔

جزاکم اللہ خیراً وأحسن الجزاء.

والسلام
محتاج دعا

ناموس رسالت کے علمبردار امین ملت

بندہ مفتی محفوظ الرحمٰن عثمانی

بانی ومہتمم : جامعۃ القاسم دارالعلوم الاسلامیہ سپول بہار — سکریٹری جنرل: امام قاسم اسلامک ایجوکیشنل ویلفیئر ٹرسٹ انڈیا

سجادہ نشیں : خانقاہ امدادیہ اشرفیہ سپول بہار — سکریٹری جنرل: حرا انٹرنیشنل اکیڈمی انڈیا

خلیفہ ومجاز : ہندوستان میں سرمایہ ملت کے نگہبان، متکلم اسلام حضرت اقدس مولانا محمد سالم قاسمی مدظلہ العالی

جانشیں : شیخ العرب والعجم حکیم الاسلام حضرت اقدس مولانا قاری محمد طیب رحمہ اللہ مہتمم دارالعلوم دیوبند

۱۳؍ربیع الآخر ۱۴۳۹ھ مطابق یکم جنوری ۲۰۱۸ء


At & P.O. Madhubani, G.P.O. Partap Ganj, Distt. Supaul-852125 Bihar (INDIA)
**Jamia Ph.:** +91-9811125434, 9931906068, 9708056420, 9931515312
**Delhi Office: Ph.:** +91-11-26981876, 26982907 **Mob:** 91-9899766786
*E-mail: jamiatulqasim@yahoo.com* *Web.: www.jamiatulqasim.com*
Estd. 1409H. 1989M. Trust Regd. No. 22473/2002-557/2017
Run by: Imam Quasim Islamic Educational Welfare Trust India